
## 69000 ٹیچروں کی بھرتی معاملہ؛امیدواروں نے بنیادی تعلیم کے وزیر کی رہائش گاہ کا کیا گھیراؤ

لکھنؤ :24مارچ (پی این ایس) 69000 ٹیچروں کی بھرتی میں شامل ریزرو زمرے کے امیدواروں نے پیر کو بنیادی تعلیم کے وزیر کی رہائش گاہ کا گھیراؤ کیا۔ یہاں پہنچے امیدواروں کی بڑی تعداد نے زوردار نعرے لگائے۔ امیدواروں کا کہنا ہے کہ ٹیچروں کی بھرتی میں بڑے پیمانے پر بے ضابطگیاں ہوئیں جس کی وجہ سے ریزرو کیٹیگری کے ہزاروں امیدوار نوکریوں سے محروم ہوگئے۔ الہ آباد ہائی کورٹ میں اس کیس کی طویل سماعت ہوئی اور فیصلہ ان کے حق میں آیا۔ لیکن حکومت کی عدم توجہی کی وجہ سے اس پر عمل نہیں ہوسکا اور اب یہ معاملہ سپریم کورٹ میں ہے۔ امیدواروں کا الزام ہے کہ حکومت سپریم کورٹ میں بھی اپنا موقف پیش کرنے سے کترا رہی ہے۔ احتجاج کرنے والے امیدواروں میں سے ایک کرشن چندر نے کہا کہ امیدوار مطالبہ کررہے ہیں کہ حکومت سپریم کورٹ میں پرزور عرضی دے اور معاملے کو جلد حل کرے۔ سپریم کورٹ میں اگلی سماعت 25 مارچ کو ہوگی۔ یوگی حکومت 8 سال کی بہترین کارکردگی کا نعرہ دے رہی ہے،لیکن امیدواروں کا کہنا ہے کہ ان کا 5 سال بے حال ہے۔ کرشن چندر نے کہا کہ ہائی کورٹ سے کیس جیتنے کے بعد وزیر اعلیٰ نے امیدواروں کے حق میں فیصلہ لینے کا یقین دلایا تھا۔ لیکن امیدوار اس معاملے کو لے کر سپریم کورٹ گئے۔ جہاں 9 ستمبر 2024 کو پہلی بار کیس کی سماعت ہوئی۔ تب سپریم کورٹ کے چیف جسٹس ڈی وائی چندر چوڑ نے تمام فریقین سے اپنا موقف پیش کرنے کو کہا تھا۔ اس کے بعد اس کی اگلی تاریخ 23 ستمبر 2024 مقرر کی گئی۔ اس تاریخ کے بعد یہ معاملہ بار بار ملتوی کیا جارہا ہے لیکن حکومت ایک بار بھی سپریم کورٹ میں پیش نہیں ہوئی اور ہنگامہ برپا کرنے والے امیدوار کہہ رہے ہیں کہ حکومت اس معاملے کو جان بوجھ کر التوا میں رکھے ہوئے ہے تاکہ امیدواروں کو کوئی راحت نہ ملے۔ امریندر پٹیل نے بتایا کہ یہ بھرتی کا عمل سال 2018 میں شروع ہوا تھا۔ جب نتائج آئے تو بڑے پیمانے پر ریزرو کیٹیگری کے امیدواروں کے ساتھ ناانصافی کی گئی۔ اسے نوکری دینے سے انکار کر دیا گیا۔ ایک طویل احتجاج اور عدالتی عمل سے گزرنے کے بعد 13 اگست 2024 کو الہ آباد ہائی کورٹ کی لکھنؤ بنچ نے ریزرو کیٹیگری کے امیدواروں کے مفاد میں فیصلہ سنایا اور قواعد کے مطابق امیدواروں کی تقرری تین ماہ کے اندر کرنے کا حکم دیا لیکن حکومت نے اس معاملے میں تاخیر کی اور معاملہ سپریم کورٹ میں چلا گیا۔ سپریم کورٹ میں بھی حکومت غفلت برت رہی ہے جس کی وجہ سے آج ہمیں سڑکوں پر آنا پڑا۔ ہمارا مطالبہ صرف یہ ہے کہ حکومت سپریم کورٹ میں ہماری بھرپور وکالت کرے اور ہمیں جلد انصاف دلائے۔

## رام بھدر اچاریہ کے حملے کے بعد، منواسمرتی پر مایاوتی کا بیان آیا سامنے

لکھنؤ: 24 مارچ (پی این ایس) بہوجن سماج پارٹی کی سربراہ مایاوتی نے منواسمرتی کو لے کر بڑا بیان دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بابا صاحب ڈاکٹر بھیم راؤ امبیڈکر کو منواسمرتی کا مکمل علم تھا۔ اس کے علاوہ مایاوتی نے بی جے پی اور کانگریس پر حملہ کیا ہے۔ مایاوتی نے ریاست میں امن وامان کی صورتحال پر یوگی حکومت پر تنقید کی۔ ریزرویشن کا مسئلہ بھی اٹھایا۔ مایاوتی نے اپنے سابقہ ہینڈل پر ایک کے بعد ایک لگاتار تین پوسٹس کیں۔ مایاوتی نے کہا کہ کانگریس، بی جے پی اور کسی بھی دوسری پارٹی کو اپنے سیاسی مفادات کے لیے ملک کے آئین کو تبدیل کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی، خاص طور پر ریزرویشن سے متعلق، کسی بھی قیمت پر اور اگر ضرورت پڑی تو بی ایس پی اس کے خلاف لڑنے کے لیے تیار ہے۔ مزید یہ کہ یوپی میں بی جے پی حکومت کی 8 سال کی حکمرانی عوام کی توقعات پر پوری طرح پوری نہیں اتری۔ امن وامان کے حوالے سے صورتحال انتہائی خراب ہوچکی ہے جس کی وجہ سے عوام کافی ناخوش ہیں۔ حکومت کو اس طرف توجہ دینی چاہیے۔ منواسمرتی کے بارے میں مایاوتی نے کہا کہ بابا صاحب ڈاکٹر بھیم راؤ امبیڈکر کو منواسمرتی کا مکمل علم تھا۔ ان کے پیروکاروں اور بی ایس پی کے قومی صدر کو بھی اس کی پوری جانکاری ہے۔ اسی لیے بی ایس پی کا قیام اس نظام کے خلاف آواز اٹھانے اور دکھی اور مصیبت زدہ لوگوں کو اپنے پاؤں پر کھڑا کرنے میں مدد کرنے کے لیے کیا گیا ہے، یہ بھی سب کو معلوم ہے۔ آپ کو بتا دیں کہ حال ہی میں جگد گرو رام بھدر اچاریہ نے منواسمرتی کو لے کر مایاوتی پر بڑا حملہ کیا تھا۔


# نمبر 1 اُتّر پردیش

- ملکی و بیرون ملکی سیاحوں کو پُرکشش کرنے میں اوّل
- 56 لاکھ+ کنبوں کیلئے پختہ رہائش گاہ
- پی ایم کسان سمّان نِدھی کے عملدرآمد میں اوّل
- 1.86 کروڑ اُجّولا گیس کنیکشن کی تقسیم
- اسٹریٹ وینڈرس کو پی ایم سوندھی قرض تقسیم میں اوّل
- سب سے زیادہ 2.75 کروڑ بیت الخلاؤں کی تعمیر

- 15 کروڑ شہریوں کو مفت راشن کی تقسیم
- 60 لاکھ ماؤں کو پردھان منتری ماترِ وَندنا امداد
- 1.58 کروڑ گھروں کو مفت بجلی کنیکشن
- 9 کروڑ لوگوں کو 5 لاکھ روپئے تک کا مفت علاج
- 9.57 کروڑ لوگوں کا جَن دَمن بینک کھاتہ
- 1 کروڑ کنبوں کو گھرونی سرٹیفکیٹ تقسیم

## خوشحال کسان، یوپی کی پہچان

- پہلی کابینہ کا پہلا فیصلہ: 36,359 ₹ کروڑ کا فصل قرض سے چھٹکارہ، 94 لاکھ کسان مستفیض
- راشن پیداوارِیت: سال 2016-17 میں 557.46 لاکھ میٹرک ٹن سے بڑھ کر سال 2023-24 میں 668.39 لاکھ میٹرک ٹن (20% اضافہ)
- آبپاشی صلاحیت: سال 2017 تک 82.58 لاکھ ہیکٹیئر سے بڑھ کر 131 لاکھ ہیکٹیئر، 976 پروجیکٹ مکمل
- رِیکارڈ گنّا قیمت ادائیگی: 2017 سے اب تک 2.80 ₹ لاکھ کروڑ کی ادائیگی، پچھلے 22 برسوں میں ہوئے کُل ادائیگی سے 66 ₹ ہزار کروڑ+ زیادہ
- شوگر مِل: 3 نئی شوگر مِل، 6 شوگرمِلیں دوبارہ چالو، 38 شوگر مِلوں کی صلاحیتی توسیع
- اناج خرِید: بچولیوں کو باہر کیا، 43,424 ₹ کروڑ گیہوں قیمت اور 88,746 ₹ کروڑ دھان قیمت کی ادائیگی
- پردھان منتر کسان سمّان نِدھی یوجنا: 2.86 کروڑ کسانوں کو 80,000 ₹ کروڑ+ منتقل
- پردھان منتری کُسُم یوجنا کے تحت 73,924 سولر پمپوں کا قیام

## سَشکت ناری، خوشحال ریاست

- خواتین کیلئے پولیس میں 20 فیصد عہدے، 1.38 لاکھ+ کو سرکاری نوکری
- 10 لاکھ+ سیلف امدادی گروپ سے 1 کروڑ+ خواتین کو روزگار
- مہیلا ورک فورس: 2017 میں 14.2 فیصد سے بڑھ کر 2024 میں 35.1 فیصد ہوا
- پردھان منتری اُجّولا یوجنا: 1.86 کروڑ کنبوں کو مفت گیس کنیکشن، ہولی و دیپاولی پر مفت ایل پی جی سلینڈر رِیفِل
- مکھ منتری کنیا سُمنگلا یوجنا: 22.11 لاکھ لڑکیاں مستفیض
- بے سہارا خاتون پینشن یوجنا: 33.55 لاکھ خواتین مستفیض
- مکھ منتری سامو ہِک وِواہ یوجنا: 4.22 لاکھ جوڑوں کی شادی مکمل، رقم 51 ₹ ہزار سے بڑھاکر ₹ 1 لاکھ
- آنگن باڑی ورکروں و معاونین کے اعزازیہ میں اضافہ، 3.73 لاکھ خواتین مستفیض
- بی.سی. سخی: 39 ہزار+ نے 31,626 کروڑ کا لین دین کیا، 85.81 کروڑ فائدے

## کام دمدار، نوجوانوں کو روزگار

- 2017 میں فی کَس آمدنی 46 ₹ ہزار سے بڑھ کر 2024 میں 1 ₹ لاکھ 24 ہزار
- بے روزگاری شرح: 2016 میں 18 فیصد نوجوان بے روزگار، 2024 میں بے روزگاری شرح گھٹ کر 3 فیصد
- غیرجانبدارانہ و شفاف تقرری کارروائی: 8.5 لاکھ+ سرکاری نوکری، 3.75 لاکھ+ ٹھیکے پر تقرری
- MSME اور نجی علاقے میں 2 کروڑ+ روزگار اور ODOP یوجنا سے 2.54 لاکھ+ روزگار
- مُکھ منتر یوا سوروزگار یوجنا کے تحت 2.27 لاکھ+ نوجوانوں کو روزگار
- مُکھ منتری یُوا اُدیَمی وکاس ابھیان کے تحت 10 لاکھ نئے صنعتکار تیار کرنے کا ہدف

## سب کے ساتھ سرکار

- 2,213 انّ پورنا عمارتوں کی تعمیر مکمل، 1,630 پر کام ترقی پر
- درج فہرست ذات (قبل ہائی اسکول) کے 32,49,854 طلباء و طالبات کو 708.49 ₹ کروڑ وظیفہ
- درج فہرست ذات (بعد ہائی اسکول) کے 89,31,203 طلباء و طالبات کو 9,662.25 ₹ کروڑ وظیفہ
- پسماندہ طبقہ (قبل ہائی اسکول) کے 62,79,519 طلباء و طالبات کو 1,28,627.48 ₹ کروڑ وظیفہ
- پسماندہ طبقہ (بعد ہائی اسکول) کے 1,31,05,263 طلباء و طالبات کو 7,62,524.03 ₹ کروڑ وظیفہ
- جنرل طبقہ (قبل ہائی اسکول) کے 8,58,750 طلباء و طالبات کو 221,95 ₹ کروڑ وظیفہ
- جنرل طبقہ (بعد ہائی اسکول) 48,13,347 طلباء و طالبات کو 5,499.86 ₹ کروڑ وظیفہ

## صحتمندی کا تحفہ

- آیوشمان بھارت: 9 کروڑ لوگوں کو 5 ₹ لاکھ تک کا مفت میڈیکل بیمہ
- 80 میڈیکل کالج چالو، 11,300 ایم بی بی ایس سیٹوں کا اضافہ
- گورکھپور اور رائے بریلی میں ایمس، لکھنؤ میں اٹل بہاری واجپئی میڈیکل یونیورسٹی
- مہایوگی گرو گورکھناتھ آیوش وشووِدیالیہ، گورکھپور
- 22,681 آروگیہ مندر کا آغاز

## وِکاس پَتھ پر یوپی کا رَتھ

- 6 ایکسپریس وے چالو، 11 پر کام جاری، گنگا ایکسپریس وے بننے کے بعد ملک کے کُل ایکسپریس وے میں 55% کی حصہ داری
- ایکسپریس وے کی لمبائی: 2017 تک 491 کلومیٹر، 2024 تک 1225 کلومیٹر
- 32 ہزار کلومیٹر+لمبائی کے سڑکوں کی نوتعمیر، 25 ہزار کلومیٹر کی سڑکوں کے چوڑا کرنا/ استحکام
- 2017 تک صرف 04 ایئرپورٹ، 21 ایئرپورٹ کی جانب گامزن ملک کا واحد صوبہ، جن میں 05 انٹرنیشنل ایئرپورٹ
- ملک کا سب سے بڑا زیور ایئرپورٹ تقریباً تیار، سب سے بڑا ایئر کارگو ہب بنے گا اترپردیش
- ہلدیہ سے وارانسی تک واٹر وے چالو، پریاگ راج-اجودھیا تک توسیع کرنے کا کام جاری

## جرائم کے تئیں زیرو ٹالرینس

- 2017 کے پہلے مافیا: مجرمین بے لگام، 2017 کے بعد قانون کا راج، بے خوف بندوبست
- این سی آر بی کے اعداد و شمار کے مطابق ڈکیتی معاملوں میں 84.41%، لوٹ میں 77.43%، قتل میں 41.01%، بلوا میں 66.40%، پھروتی کیلئے اغوا میں 54.72%، جہیز قتل میں 1708% اور عصمت دری کے معاملوں میں 26.15% کی کمی
- 79,984 مجرمین پر گینگسٹر ایکٹ، 930 مجرمین کے خلاف این ایس اے کی کارروائی
- مافیا کے ناجائز قبضے سے تقریباً 3000 ₹ کروڑ کی جائیدادیں ضبط، ناجائز جائیدادیں گراکر اُن پر غریبوں کے لئے رہائش گاہیں
- 222 خطرناک مجرمین انکاؤنٹر میں ڈھیر، 28,000+ بدمعاش جیل بھیجے گئے
- 7 بڑے شہروں میں پولیس کمشنریٹ بندوبست، 18 اینٹی ٹیررسٹ اسکچَیڈ یونٹ قائم
- 6 اسپیشل سیکوریٹی فورس کی بٹالینس، 3 وومین پی اے سی بٹالین قائم
- سبھی ضلعوں میں سائبر تھانے، 11 لاکھ+ سی سی ٹی وی کیمروں کا قیام
- 112 پولیس کنٹرول کا رِسپانس ٹائم 2017 سے پہلے 25.42 منٹ، 2024 میں گھٹ کر 7.24 منٹ

## ہر گھر روشن

- پردھان منتری سہج بجلی ہر گھر یوجنا: 1.58 کروڑ گھروں کو مفت بجلی کنیکشن
- ضلع ہیڈکوارٹروں کو 24 گھنٹے، تحصیل ہیڈکوارٹروں کو 22 گھنٹے، دیہی علاقوں میں 20 گھنٹے بجلی
- کسانوں کے نجی نلکوپ سے آبپاشی کیلئے بجلی کے بِل پر صد فیصد چھوٹ
- بُندیل کھنڈ میں گرین انرجی کارِیڈور کے تحت 4000 میگاواٹ صلاحیت کا پلانٹ
- 53 کمپریسڈ بایوگیس/ بایوکول/ بایو ڈیزل اور بایو ایتھینال پلانٹ کا قیام

## انتیودَیہ سے غریب کلیان

- پردھان منتری غریب کلیان اَنّ یوجنا: 15 کروڑ لوگوں کو مفت راشن
- پردھان منتری آواس یوجنا: 56 لاکھ+ رہائش گاہوں کی تعمیر
- پی ایم سونِدھی یوجنا: 1,80,000+ اسٹریٹ وینڈرس کو 3,000 ₹ کروڑ+ کا قرض
- ہر گھر جل یوجنا: 2.37 کروڑ+ کنبوں کو نل سے صاف پینے کا پانی کی سہولت
- منریگا: 200 کروڑ یوم انسانی تخلیق، 100 دن کا روزگار دینے میں اوّل

## سب کو تعلیم - بہترین تعلیم

- سبھی 18 ڈویژن ہیڈکوارٹروں پر اٹل ہاسٹل اسکولوں کی تعمیر
- 57 غیرخدمت اضلاع میں سی ایم ماڈل کمپوزٹ اسکول کی تعمیر
- علی گڑھ، اعظم گڑھ، سہارن پور، بلرام پور، میرزاپور اور مُرادآباد میں رِیاستی یونیورسٹیوں کا آغاز
- پریاگ راج میں ڈاکٹر راجیندر پرساد راشٹریہ وِدھی وشووِدیالیہ کی تعمیر
- گورکھپور میں سَینِک اسکول، فارسٹری کالج، این سی سی ٹریننگ اکیڈمی
- گورکھپور اور چندولی میں مویشی میڈیکل سائنس کالج







محکمۂ اطلاعات و رابطہ عامہ، اترپردیش | UPGovtOfficial | CMOUttarpradesh | CMOfficeUP